# معاشی میدان میں ترقی کیلئے فروغ سیاحت ناگزیر ہے



ہوٹل انڈسٹری کی سرکردہ شخصیت

**جناب میاں طاہر رضا** (جنرل منیجر رماداہوٹل، اسلام آباد)

کا خصوصی پیغام

اللہ پاک نے مملکت خداداد پاکستان کو نا قابل بیان حد تک اپنی لازوال نعمتوں اور اپنے قدرتی حسن سے نوازا ہے جس کی دنیا بھر کے کسی بھی ملک میں اس کی مثال ملنا ممکن نہیں ہے ہمارا اس وقت مری روڈ اسلام آباد رماداہوٹل ہے اور اس حوالے سے ملکی سیاحت کے متعلق بیان کرتا ہوں کہ اسلام آباد خوبصورت ترین مقام ہے جب مری میں برف باری ہوتی ہے تو اس کا نظارہ دیدنی ہوتا ہے مری پاکستان کا بلند ترین مقام ہے جہاں بادل انسان کی بغل سے گزر جاتے ہیں اس کے اثرات اسلام آباد میں ہوتے ہیں اور یہاں کا موسم انتہائی خوشگوار ہوجاتا ہے اور یوں جب پورے ملک میں ٹمپریچر، پچاس سے زیادہ ہو تو مری اور اسلام آباد میں سردی ہوتی ہے اور پنجاب کے دسمبر جیسا موسم ہوتا ہے انہوں نے کہا کہ اللہ پاک نے ہمارے وطن کو سب کچھ دیا ہے اور جہاں تک ملک میں سیاحت کا تعلق ہے تو اس سلسلے میں پاکستان ٹورازم پروموشن کونسل کی جانب سے پاکستان ٹورازم ڈائریکٹری کی اشاعت ملک میں سیاحت کی ترقی میں معاون ثابت ہوگی

(ملک کی ٹورازم انڈسٹری میں جناب میاں طاہر رضا کو خصوصی مقام حاصل ہے اور گذشتہ کئی برسوں سے ہوٹل انڈسٹری سے منسلک ہیں اور ملک کے کئی نامور ہوٹلز میں خدمات سرانجام دے چکے ہیں

RAMADA
HOTEL
Vacant Positions | Apply Now